AQF / Fazil

09-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .... ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

----

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں خواتین اور بچوں کی بہبود کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

2- سرکار نے کینسر کی روک تھام کی غیر شیڈیولڈ دواؤں پر ٹریڈ Margin کی حد MRP کی 30 فیصد طے کی ہے۔ قیمتیں 70 فیصد تک کم ہونے کی امید ہے۔

3- تمل ناڈو، پدوچیری اور مغربی بنگال میں 5 آسمبلی حلقوں اور آسام میں لوک سبھا کی ایک سیٹ کے ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی آج کی جا رہی ہے۔

4- سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کی آخری رسوم پونے میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔

5- حوثیوں نے سعودی عرب میں ہوائی اڈّوں پر پھر سے حملے کیے ہیں۔ بھارت نے وہاں رہنے والے اپنے شہریوں سے چوکس اور مستعد رہنے کو کہا ہے۔

6- اور کرکٹ میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج شام رانچی میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-WCD SUMMIT

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں خواتین اور بچوں کی بہبود کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ یہ دو روزہ محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کل شروع ہوئی تھی۔ اس میں خواتین اور بچوں کی بہبود کے شعبے سے وابستہ سبھی ریاستوں کے سیاسی رہنما اور عہدیدار شرکت کر رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Saklen Akhtar

وزیرِاعظم نے امدادِ باہمی وفاقیت کو مستحکم بنانے، قومی ترجیحات کی اجتماعی ملکیت کو فروغ دینے اور

مرکز اور ریاستوں کے قریبی اشتراک کے ذریعے فیصلوں کے نتیجوں میں تیزی لانے کی خاطر جو نظریہ پیش کیا تھا، یہ محکمہ جاتی سربراہ میٹنگوں کے سلسلے کی دوسری میٹنگ ہے۔ اس سربراہ میٹنگ میں 4 اہم موضوعات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ اِن میں تغذیہ بخش خوراک، جلد تعلیم، بچوں کے تحفظ اور خواتین کی سلامتی اور انہیں بااختیار بنانا شامل ہے۔محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ میں مرکز اور ریاستوں کی سرکاروں کے متعلقہ فریق مخصوص شعبوں کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ اچھے طور طریقوں کی جانکاری ایک دوسرے کو دستیاب کرانے اور عمل درآمد سے متعلق چیلنجوں پر بھی غور و خوض کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بہتر بنائی گئی حکمرانی اور خدمات بہم پہنچانے کیلئے مقررہ وقت کے اقدامات پر بھی اتفاقِ رائے پیدا کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔

دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

GOVT-CANCER DRUGS

سرکار نے کینسر کی روک تھام کی غیر شیڈیولڈ دواؤں کی سپلائی اور فروخت کیلئے Margin کی حد MRP کی 30 فیصد تک محدود کر دی ہے۔ کیمیکلز اور فرٹیلائزرس محکمے کی وزارت نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ اِس قدم سے دواؤں کی قیمتیں 70 فیصد تک کم ہو جائیں گی اور اس طرح کینسر کے مریضوں کو سالانہ ڈھائی ہزار کروڑ روپے کی بچت کرنے میں مدد مل سکے گی۔ شیڈیولڈ لِسٹ میں شامل کینسر کی ضروری دوائیں پہلے ہی سرکار کے مقرر کردہ قیمتوں کی حد کے دائرے میں آتی ہیں اور اب اس نئے فیصلے سے غیر شیڈیولڈ کینسر کی دوائیں بھی اُن کا Margin محدود کیے جانے سے قیمتوں کے کنٹرول کے دائرے میں آ جائیں گی۔×

COUNTING

تمل ناڈو، پدوچیری اور مغربی بنگال میں پانچ اسمبلی حلقوں اور آسام میں ایک لوک سبھا سیٹ پر ہوئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔ منگل کے روز، جن پانچ اسمبلی سیٹوں پر پولنگ ہوئی تھی، اُن میں تمل ناڈو میں Madurantakam اور Dharapuram، پدوچیری میں Thattanchavady اور مغربی بنگال میں Rejinagar اور نندی گرام شامل ہیں۔ آسام میں ناگاؤں میں واحد لوک سبھا سیٹ پر بھی پولنگ ہوئی تھی۔×

PM-25 YEARS ASPIRATIONAL DISTRICTS

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر اور

پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ تریپورہ میں اُمنگوں والی ضلعوں اور متحرک گاؤوں کی اسکیموں کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

ایک رپورٹ۔ V/C - Aditya Dutta

نیتی آیوگ کے اُمنگوں والے ضلعوں کے پروگرام کے تحت، تریپورہ کے دور دراز ضلع Dhalai میں زبردست تبدیلی آئی ہے۔ زچگی کی دیکھ بھال، بنیادی تعلیم، سیکھنے سے حاصل ہونے والے نتائج، مائکرو آبپاشی اور دیہی سڑکوں کے رابطے میں ٹارگیٹیڈ اقدامات نے ضلع کی سماجی واقتصادی بنیاد کو مسلسل مضبوط کیا ہے۔ بروقت ڈیلٹا ریکنگ اور کارکردگی سے متعلق ترغیب کی بدولت Dhalai نے مسلسل ملک بھر کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ضلعوں میں جگہ بنائی ہے، جس نے یہ ثابت کیا کہ ڈیٹا پر مبنی گورننس اور مقامی وسائل کا ملاپ کس طرح پسماندہ قبائلی علاقوں کو بنیادی سطح کی ترقی کے ماڈل میں بدل سکتا ہے۔ بنگلہ دیش کے ساتھ تریپورہ کی 856 کلومیٹر طویل سرحد کے ساتھ، درخشاں گاؤں پروگرام سرحدی بستیوں کو خودکفیل مراکز میں تبدیل کررہا ہے۔ جدید ڈیجیٹل نیٹ ورکس، تمام موسموں کیلئے موزوں سڑکیں، پائپ کے ذریعہ پانی کی فراہمی اور شمسی توانائی، دیرینہ بنیادی ڈھانچے کے خلاء کو پُر کررہے ہیں۔ مقامی ہینڈلوم، ایکو ٹورازم اور سرحدی تجارت کی حمایت کرتے ہوئے، یہ پہل مقامی کاروبار کو فروغ دیتی ہے، نقل مکانی کو روکتی ہے اور فعال ولچکدار سرحدی کمیونٹی کو تشکیل دے کر قومی سلامتی کو مضبوط کرتی ہے۔ Harishyamukh پنچایت کمیٹی کے چیئرمین کا کہنا ہے کہ S / B

ایک ساتھ ملکر یہ دو اہم اقدامات تریپورہ میں ڈھانچہ جاتی اور جغرافیائی خلاء کو پُر کررہے ہیں۔ اندرونی بلاکوں میں انسانی ترقی کو سرحدی باڑ کے ساتھ اسٹریٹجک کنکٹی وٹی کے ساتھ جوڑکر، یہ پروگرام اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر شہری، دور دراز کے اندرونی گاؤوں سے لے کر زیرو لائن گاؤں تک، ریاست کی وسیع تر ترقی کی کہانی میں شامل ہو۔

اگرتلہ سے آدتیہ دتہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

NANA PATEKAR-LAST RITES

سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کی آخری رسوم پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ مہاراشٹر میں پونے کے نزدیک **Donje** میں، اُن کے فارم ہاؤس **Nanachi Wadi** میں ادا کردی گئیں۔ اُن کے بیٹے ملہار پاٹیکر نے ان کے کنبے کے افراد، رشتے داروں، دوستوں اور مداحوں کی موجودگی میں کل رات تقریباً ساڑھے گیارہ بجے اُن کی آخری رسوم ادا کیں۔ آخری رسوم سے پہلے سرکردہ اداکار کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Madhav Jaybhaye**

*نانا پاٹیکر کا جسد خاکی جب پونے ہوائی اڈے پہنچا، تو مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شنڈے اور **Sunetra** پوار نے، اُنہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس کے بعد ان کے جسد خاکی کو **Donje** لے جایا گیا، جہاں مرکزی وزیر رام داس اٹھاولے، مرکزی وزیر مملکت مرلی دھر موہول اور دیگر نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ نام فاؤنڈیشن کے ذریعہ نانا پاٹیکر کے سماجی کام کو بھی، خاص طور سے کسانوں کی مدد اور خشک سالی سے متاثرہ برادریوں کیلیے ان کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ نانا پاٹیکر کے انتقال سے بھارتی سنیما نے نہ صرف ایک بہترین اداکار کھویا ہے بلکہ یہ ایک پرعزم سماجی کارکن کا بھی نقصان ہے۔ اُن کی بہترین اداکاری، منفرد آواز اور انداز اور سماجی معاملات کے تئیں ان کی لگن کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔*

***Madhav Jaybhaye** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیۓ میں......*

CHHATTISGARH-CRPF

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں کل دھماکہ خیز ماڈوں کو بے اثر کرتے وقت ایک حادثے میں **CRPF** کے چار اہلکار زخمی ہو گئے۔ ماؤ نوازوں نے ریاست میں بستر ڈویژن کے اندرونی اور دوردراز کے علاقوں میں مختلف مقامات پر دیسی ساخت کے کئی دھماکہ خیز حربے لگا رکھے ہیں اور سکیورٹی فورسز اِنہیں ناکارہ بنانے کیلیۓ اپنی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Vikalp Shukla**

*ریاست میں سُکما ضلعے کے **Bhejii** تھانے کے تحت آنے والے علاقے میں **Alarmadgu** کیمپ کے نزدیک **Bodrajpadar** نالے کے قریب گولی بارود کے شعبے سے وابستہ ایک تکنیکی ٹیم اور **CRPF** کے اہلکار دھماکہ خیز ماڈوں کو ناکارہ بنانے کا عمل انجام دے رہے تھے۔ اِس کارروائی کے دوران ایک دھماکہ خیز حربے کا ایک حصہ نزدیک میں گر کر پھٹ پڑا۔ اس واقعے میں **4** سکیورٹی اہلکار زخمی ہو گئے۔ اِن میں سے ایک کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔ سبھی زخمی اہلکاروں کو مزید علاج*

کیلئے حیدرآباد بھیجا گیا ہے۔
رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

CAPTAIN MACHCHAR-SPECIAL COVER

کیرالم میں، انڈیا پوسٹ کا محکمہ دبئی سے تل ابیب جانے والے ہوائی جہاز میں سوار 174 افراد کی جان بچانے پر جانباز بھارتی پائلٹ کیپٹن Smit Machchar کی عزت افزائی کیلئے آج ترو انتا پورم میں ایک خصوصی تقریب میں ایک Special Cover جاری کرے گا۔ یہ واقعہ پچھلے مہینے کی 30 تاریخ کو پیش آیا تھا۔ FlyDubai کی پرواز میں چاقو کے حملے میں زخمی ہونے کے باوجود کیپٹن Smit Machchar نے غیر معمولی دلیری اور ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہوائی جہاز کو سعودی عرب کے Tabuk میں بحفاظت اُتار لیا تھا۔ ×

HOUTHI-SAUDI ATTACKS

حوثیوں نے ایک بار پھر کُل سعودی عرب پر حملوں کا دعویٰ کیا ہے، جن میں ریاض میں شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے، Najran ہوائی اڈے اور Khamis Mushait میں ایک فضائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا۔ حوثیوں نے ورکروں کو وارننگ دی ہے کہ وہ سعودی تیل مراکز اور ہوائی اڈوں سے دور رہیں۔ اس کے جواب میں سعودی قیادت والے اتحاد نے اعلان کیا کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام میں تین بیلسٹک میزائلوں کو بیچ میں ہی روکا اور تباہ کردیا اور عہد کیا ہے کہ اس کے قصورواروں کو بخشا نہیں جائے گا۔ اِن حملوں کے سبب بین الاقوامی فضائی سفر میں رخنہ پیدا ہوگیا ہے اور ایئر انڈیا، اِنڈیگو اور عکاسا سمیت مختلف سرکردہ ایئر لائنوں نے ریاض کیلئے اپنی پروازیں عارضی طور پر معطل کردی ہیں۔

سعودی عرب کی راجدھانی میں شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سفر شروع کرنے سے پہلے ایئر لائنز سے اپنی پروازوں کی صورتحال معلوم کرلیں۔ متحدہ عرب امارات، اُردن، مصر، کویت اور بحرین نے سعودی ہوائی اڈوں پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ UAE کی خارجی اُمور کی وزارت نے یہ کہتے ہوئے ایک بیان جاری کیا ہے کہ یہ حملے سعودی عرب کی خود مختاری کی سنگین خلاف ورزی ہیں اور اعادہ کیا ہے کہ UAE سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی رکھتا ہے۔×

MEA-ADVISORY SAUDI ARABIA

ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے سعودی عرب میں رہائش پذیر بھارتی شہریوں کیلئے ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ موجودہ صورتحال کے پیش نظر الرٹ اور مستعد رہیں اور بغیر ضرورت گھر سے باہر نہ جائیں۔ اِس ایڈوائزری میں سفارتخانے نے بھارتی

شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ جاری واقعات سے متعلق کوئی ویڈیو یا خبر شیئر یا ری-پوسٹ کرنے سے گریز کریں۔ انہیں مقامی حکام کی جانب سے جاری ہدایات کی پابندی کرنے کو کہا گیا ہے۔ ریاض میں بھارتی سفارتخانہ اور جدہ میں قونصل خانہ VFS کے ذریعہ معمول کے مطابق کام کاج کررہا ہے۔ پرواسی بھارتی سہائتا کیندر کی 24 گھنٹے ساتوں دن کی ہیلپ لائن ٹول فری نمبر : آٹھ صفر صفر - دو چار سات - ایک دو تین چار، پر مسلسل دستیاب ہے۔×

IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج کیرلم، ماہے، جنوبی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے آج بہار، لکشدیپ اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

CRICKET-IND VS WI

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پانچ ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج رانچی میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے سے شروع ہوگا۔ بھارت افتتاحی مقابلہ جیتنے کے بعد، جس میں کپتان سریش ایئر نے سینچری بنائی تھی، سیریز میں ایک-صفر سے آگے ہے۔×

ARCTIC OPEN BADMINTON

بیڈمنٹن میں فِن لینڈ کے Vantaa میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیت چکی پی وی سندھو Arctic اوپن سُپر-500 ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ سندھو نے دوسرے راؤنڈ میں جاپان کی Riko Gunji کو اکیس-پندرہ، اکیس-پندرہ سے ہرایا۔ چھٹی پوزیشن کی بھارتی کھلاڑی کا مقابلہ اب ٹاپ پوزیشن کی کھلاڑی اور سابق عالمی چمپئن تھائی لینڈ کی Ratchanok Inthanon سے ہوگا۔ تاہم اس ٹورنامنٹ میں سبھی سنگلز بھارتی کھلاڑیوں کی مہم ختم ہوگئی ہے۔×

INDIA-RIYADH

بھارت نے پچھلے کچھ روز میں ریاض میں Abha بین الاقوامی ہوائی اڈے اور شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے کو نشانہ بناکر کئے گئے حملوں کی مذمت کی ہے، جن میں شہری ہلاک ہوئے اور زخمی بھی ہوئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شہری بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا جانا مکمل طور پر ناقابل قبول ہے۔ وزارت نے کہا کہ بھارت مہلوکین کے کنبوں کے ساتھ اپنی دِلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ بھارت نے سعودی عرب کے عوام اور حکومت کے ساتھ یکجہتی کا بھی اظہار کیا ہے۔×

UGC-NET REGISTRAION OPEN

امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے UGC- NET دسمبر 2026 سیشن کیلئے رجسٹریشن شروع کردیا ہے۔ اہل امیدوار، ویب سائٹ ugcnet.nta.nic.in کے ذریعہ جونیئر ریسرچ فلو شِپ، اسسٹنٹ پروفیسر شپ یا PHD کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست دینے کا سلسلہ اِس ماہ کی 28 تاریخ کو ختم ہوجائے گا، لہٰذا امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ آخری لمحات کی تاخیر سے بچنے کیلئے جلد اپنی درخواستیں جمع کرادیں۔ امتحان 14 سے 19 دسمبر کے بیچ ہوگا۔×

GST COUNCIL MEETING

GST کونسل نے نئی دلّی میں اپنی 57 ویں میٹنگ میں ٹیکس دہندگان کیلئے عمل درآمد کو سہل بنانے کی خاطر کئی اقدامات کی منظوری دی ہے۔ اِن فیصلوں میں GST نظام کے تحت گرفتار کرنے کے ٹیکس افسروں کے اختیارات کو منسوخ کرنا اور قانونی کارروائی کی حد ایک کروڑ سے بڑھا کر 5 کروڑ روپے کرنا شامل ہے۔

وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے قومی راجدھانی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ ہر کیس میں سزا کا تعین، خواہ یہ جرمانہ ہو یا قید یا دونوں، اِسے عدالتی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے گا۔ رِٹرن داخل کرنے میں تاخیر ہونے، کسی طرح کی غلطی ہونے یا تاخیر سے ادائیگی کرنے پر ٹیکس دہندہ کو وصولی کی کارروائی، سود اور متناسب جرمانے کا سامنا کرنا ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ میٹنگ میں GST شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور GST کونسل نے نوٹس اور کارروائی کیلئے مشترکہ معیارات کی سفارش کی ہے۔×

PM-GST COUNCIL MEET

وزیر اعظم نریندر مودی نے GST کونسل کی جانب سے منظور کی گئی نئے مرحلے کی GST اصلاحات کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ گرفتاری کے سلسلے کو ختم کیے جانے، اور زیادہ معاملات کو جرم کے زمرے سے باہر رکھنے اور طریقۂ کار کو سہل بنائے جانے سے بہت مثبت اثر پڑے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ تیزی کے ساتھ فیصلے کرنے، نفاذ سے متعلق لاگت کم کیے جانے، Automated ریفنڈ اور اعتماد پر مبنی انتظامیہ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ اصلاحات GST کو زیادہ مؤثر، شفاف اور لوگوں کیلئے اور زیادہ سازگار بنانے کی سرکار کی مسلسل کوششوں کے عین مطابق ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے: 5-G نیٹ ورک کی رسائی ملک کے ہر ضلع تک ہوئی، وزیراعظم نریندر مودی کا 'انڈیا موبائل کانگریس' کی تقریب سے خطاب۔

اخبار پرتاپ نے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ GST کے نفاذ سے پہلے ملک میں ٹیکس کا نظام انتہائی پیچیدہ تھا۔ ملک میں وَن نیشن- وَن ٹیکس ہوگا، GST کونسل کی میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا۔ اخبارات نے سعودی عرب کے ہوائی اڈے پر حملوں کی بھارت کی طرف سے کی گئی مذمت کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبارات نے ایئر چیف مارشل اے-پی- سنگھ کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ قومی مفادات کے تحفظ کیلئے فضائی طاقت اہم ذریعہ۔

اخباروں نے معروف اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران پر پھر حملے کا منصوبہ، پنٹاگن نے تیاری کا حکم دیا۔

☆ امریکی فوج نے کویت کا اہم اڈہ خالی کردیا۔

☆ ایران نے جنگ کے دوران امریکی فوج کے 81 طیارے تباہ کئے، ایرانی وزیر خارجہ کا دعویٰ۔

☆ روس کے خلاف برطانیہ اور جرمنی کا سکیورٹی معاہدے کا فیصلہ۔

☆ مقبوضہ یروشلم میں برطانوی قونصل خانے کی سرگرمیاں بند۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں خواتین اور بچوں کی بہبود کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

-2 سرکار نے کینسر کی روک تھام کی غیر شیڈیولڈ دواؤں پر ٹریڈ Margin کی حد MRP کی 30 فیصد طے کی ہے۔ قیمتیں 70 فیصد تک کم ہونے کی امید ہے۔

-3 تمل ناڈو، پدوچیری اور مغربی بنگال میں 5 اسمبلی حلقوں اور آسام میں لوک سبھا کی ایک سیٹ کے ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی آج کی جا رہی ہے۔

-4 سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کی آخری رسوم پونے میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔

5- حوثیوں نے سعودی عرب میں ہوائی اڈّوں پر پھر سے حملے کیے ہیں۔ بھارت نے وہاں رہنے والے اپنے شہریوں سے چوکس اور مستعد رہنے کو کہا ہے۔

6- اور کرکٹ میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج شام رانچی میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔